© rasailojaraid.com



# عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ

شاہد حسین رزاقی

یہ کتاب ڈاکٹر زبید احمد کی گراں قدر تصنیف " دی کنٹری بیوشن آف انڈیا ٹو عربک لٹریچر " کا ترجمہ ہے ، جس میں بہت تفصیل سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ عربی ادبیات کے فروغ میں برعظیم پاک و ہند کے مسلمانوں نے کس قدر اہم حصہ لیا ہے ۔ اس کتاب میں تفسیر، حدیث، فقہ، تصوف ، کلام ، فلسفہ، ریاضی، ہیئت، طب ، تاریخ ، لغت ، شعر و ادب وغیرہ سے متعلق تصانیف اور مصنفین کا تذکرہ جدا گانہ ابواب میں کیا گیا ہے اور چونکہ ان تصانیف میں سے اکثر طبع نہیں ہوئی ہیں ، اس لیے اس کتاب میں پیش کردہ معلومات کی اہمیت اور زیادہ ہو گئی ہے ۔ عربی سے مسلمانوں کے گہرے روحانی تعلق اور کتاب کی علمی اور تاریخی اہمیت کے پیشِ نظر جناب شاہد حسین رزاقی نے اردو میں اس کا ترجمہ کیا ہے ۔ ترجمہ رواں دواں اور شستہ ہے ۔

اسلامیانِ پاک و ہند کی دینی اور علمی تاریخ سے باخبر ہونے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ہوگا ۔

صفحات ۱۲ + ۴۲۷ قیمت ۲۵ روپے

# فقہِ عمر

ابو یحییٰ امام خان نوشہروی

شاہ ولی اللہ دہلوی کی تالیف " رسالہ در مذہب فاروق اعظم " کا اردو ترجمہ ہے ۔ " یہ رسالہ شاہ ولی اللہ دہلوی کی نادر تصنیف " ازالۃ الخفاء " کا ایک حصہ ہے ۔ اس کے ماخذ احادیث کی اہم کتابوں کے سوا فقہ کی دو کتابیں " کتاب الخراج " قاضی ابو یوسف اور " کتاب الام " امام شافعی ہیں ۔ اصل کتاب میں تبویب اہم ابواب تک ہی محدود تھی ۔ فاضل مترجم نے اس پر ضمنی ابواب بھی قائم کر دیے ہیں اور ہر روایت پر نمبر بھی لگا دیے ہیں ۔

صفحات ۳۳۶ قیمت ۳۵ روپے

ملنے کا پتا : ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ، کلب روڈ لاہور

© rasailojaraid.com